# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Time** 09:20...09:29/ AM

**Date: 30 July 2026**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لے کر میں بصارت گل۔

بل منظور

لوک سبھا نے پبلک امتحان میں غلط طور طریقوں کی روکتھام سے متعلق ترمیمی بل **2026** کو منظوری دی ہے۔ اس بل میں مجرموں کو دس سال تک قید کی سزا، دس کروڑ روپے تک کا جرمانہ اور سزا یافتہ افراد کی جائیداد ضبط کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ اس قانون کے تحت سبھی ریاستی حکومتیں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی انتظامیہ خصوصی فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کریں گی، تاکہ مقدمات کی روزانہ سماعت ہو سکے۔

**CM** مبارک

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی جانب سے **UGC** یونیورسٹی درجہ بندی ضوابط کے تحت با وقار زمرے میں پہلا مقام عطا کئے جانے پر کشمیر یونیورسٹی کو مبارک باد دی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اس کامیابی کو جموں و کشمیر میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے کیلئے ایک تاریخی سنگ میل قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ کامیابی ان اساتذہ، محققین، دانشوروں اور طالب علموں کی محنت اور عزم کا نتیجہ ہے جنہوں نے کشمیر یونیورسٹی کو ملک کے ممتاز تعلمی اداروں میں نمایاں مقام دلانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

ستیش شرما

کابینہ وزیر ستیش شرما نے ایک میٹنگ کے دوران خوراک و سول سپلائز اور انفارمیشن ٹیکنالوجی محکموں کی کارگزاری اور ان محکموں کی وساطت سے عملائے جارہے مختلف پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ وزیر موصوف نے دونوں محکموں کو آپس میں قریبی تال میل بنائے رکھنے کی ہدایت دی تاکہ عوامی خدمات کی فراہمی کو مزید موثر اور نتیجہ خیز بنایا جاسکے۔

**C.S**

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے جموں وکشمیر میں مشن یوتھ کے تحت ڈیجیٹل طرز حکمرانی اور معیاری خدمات کی فراہمی کو مزید مستحکم بنانے پر مرکوز **QR-Code** پر مبنی آنگن واڑی مراکز کے قیام کی شروعات کی۔ یہ قدم ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے آنگن واڑی مراکز کو مزید قابل رسائی اور جوابدہ بنانے کی سمت میں ایک اہم سنگ میل مانا جارہا ہے۔ اس پروگرام کی شروعات چیف سیکرٹری نے سماجی بہبود محکمے کے افسران کی ایک میٹنگ کے دوران کیا۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے اور کل شام تک مجموعی طور ساڑھے **4** لاکھ سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے تھے۔ آج صبح **8** بجے تک مزید **297** یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی۔ پہلگام راستے پر مرمت کا کام جاری ہے جس کے چلتے اس روٹ سے یاترا عارضی طور پر بند ہے۔ اسی بیچ آج بھگوتی نگر جموں کے بنیادی کیمپ سے ایک ہزار **795** یاتریوں پر مشتمل **23** واں قافلہ وادی کیلئے روانہ ہوا۔

**Div Com**

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کشمیر صوبے کے سبھی اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں عام لوگوں خصوصاً مائیگرنٹس کی جانب سے موصول ہوئیں شکایات کے ازالے، ہمدردانہ بنیادوں پر تقرری کے عمل اور زمین کی منتقلی کے دستاویزات سے جڑے مختلف معاملات کا جائزہ لیا۔ صوبائی کمشنر نے عوامی شکایات کا

فوری ازالہ کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے محکمہ مال سے جڑے مختلف معاملات کو بروقت نمٹانے کی ہدایت دی۔انشل گرگ نے کشمیر صوبے میں سوامتا اسکیم کی عمل آوری کا بھی جائزہ لیا۔

آڈٹ رپورٹ

قانون ساز اسمبلی کی پبلک انڈرٹیکنگس کمیٹی کی ایک میٹنگ اس کے چیئرمین پون کمار گپتا کی صدارت میں منعقد ہوئی۔میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر پاور ڈیولپمنٹ کارپوریشن اور جموں وکشمیر انرجی ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے سال **2018-19** اور سال **2020-21** کے آڈٹ رپورٹس کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔کمیٹی نے دونوں کارپوریشنوں کے افسران کو کمپٹرولر اینڈ اڈیٹر جنرل کی ہدایات اور سفارشات پر سختی کے ساتھ عمل کرنے کی ہدایت دی۔

اروند کاروانی

ریلیف اینڈ ری ہیبلی ٹیشن کمشنر ڈاکٹر اروند کاروانی نے ایک میٹنگ کے دوران جموں میں قائم مائیگرنٹ کیمپس میں رہائش پذیر افراد کو فراہم کی جانے والی خدمات وسہولیات،ترقیاتی سرگرمیوں اور تجدیدی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے مائیگرنٹ کیمپوں میں بنیادی سہولیات کی بلاخلل دستیابی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

**HUDD**

مکانات وشہری ترقی محکمے نے جموں وکشمیر یونیفائیڈ بلڈنگ **Bylaws** کو وسعت دے کر ان قوانین کو جموں وکشمیر ہاؤسنگ بورڈ کے تحت آنے والی تمام موجودہ رہائشی کالونیوں پر نافذ کردیا ہے۔محکمے کے حکام کے مطابق ان اصلاحات کا مقصد تعمیر وترقی کے عمل میں بہتری لانا،شہریوں کیلئے دستیاب سہولیات میں اضافہ کرنا اور ترقیاتی سرگرمیوں کو مزید آسان بنانا ہے۔

فلم فیسٹول

جموں وکشمیر کے پہلے بین الاقوامی فلمی میلے **IFFJK** میں شرکت کرنے اور فلمیں داخل کرنے کی آج آخری

تاریخ ہے۔اطلاعات وتعلقات عامہ محکمے کی جانب سے منعقد کئے جانے والے اس فلمی میلے کو عالمی سطح کے فلم سازوں کی جانب سے مثبت ردعمل مل رہا ہے۔اب تک **50** ملکوں سے تعلق رکھنے والے فلم سازوں نے اس میلے میں شرکت کیلئے **875** فلمیں داخل کی ہیں۔یہ فیسٹول اس برس **7** سے **10** ستمبر تک سرینگر میں منعقد ہوگا۔

پاسپورٹ

پاسپورٹ سیوا پروجیکٹ کے تحت ریجنل پاسپورٹ آفس سرینگر کی موبائل پاسپورٹ وین کل یعنی **31** ولائی تک سیاحتی سہولت مرکز بومتھانگ کرگل میں موجود رہے گی۔خواہشمند افراد پاسپورٹ خدمات حاصل کرنے کیلئے موبائیل پاسپورٹ وین کی ٹیم کے ساتھ رابطہ کرسکتے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19** اعشاریہ **2** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **25** اعشاریہ **5** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا سے گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔